PR NO 09/2024

# وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

## Press Release

## وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں کے اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور اور کوئٹہ سمیت آٹھ بڑے شہروں میں پاسپورٹ دفاتر کے دورہ جات

## وفاقی محتسب نے تعطیل کے ایام میں بھی کام کر کے بیک لاک ختم کرنے کی ہدایت کردی

اسلام آباد(     )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے گزشتہ روز (جمعہ) اسلام آباد، لاہور، کراچی، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، ملتان اور ایبٹ آباد میں پاسپورٹ دفاتر کے دورے کر کے وہاں پاسپورٹ کے حصول کے لئے آئے ہوئے افراد کی شکایات سنیں اور ان کے ازالہ کے لئے موقع پر ہی پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ پاسپورٹ دفاتر میں ہزاروں کی تعداد میں کسٹمرز نے معائنہ ٹیموں کو بتایا کہ وہ تین تین چار چار ماہ سے پاسپورٹ کے حصول کے لئے پاسپورٹ دفاتر کے چکر لگا رہے ہیں۔ بعض بیرون ملک سفر کرنے والے مسافروں نے بتایا کہ ان کے ویزوں کی مدت بھی ختم ہوگئی ہے اور ارجنٹ فیس ادا کرنے کے باوجود بھی انہیں پاسپورٹ جاری نہیں کئے گئے۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے پاسپورٹ انتظامیہ کے ساتھ اجلاس کر کے انہیں لاکھوں کے بیک لاک ختم کرنے کی ہدایات دیں۔ معائنہ ٹیمیں پیر تک اپنی تفصیلی رپورٹیں وفاقی محتسب کو پیش کریں گی۔ وفاقی محتسب نے پاسپورٹ انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تعطیل کے ایام (ہفتہ اور اتوار) میں بھی دفتر آکر بیک لاک ختم کریں اور ایک ہفتے کے اندر وفاقی محتسب کو رپورٹ پیش کریں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

23 فروری 2024ء